نیوز ریلیز

# بجٹ 2026ء: اہم چیزوں کو مضبوط بنانا

26 فروری، 2026ء

بجٹ 2026ء اہم چیزوں کو مضبوط بنا رہا ہے – لچک دار کمیونٹیز، متنوع معیشت اور ایسے مواقع پیدا کر رہا ہے جو ملازمتوں کی تائید کرتے اور البرٹا ایڈوانٹیج (Alberta advantage) کو بڑھاتے ہیں۔

بجٹ 2026ء میں البرٹا کی معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے اربوں ڈالر کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔

اوسط ہفتہ وار آمدن، فی کس جی ڈی پی اور کاروبار میں مستحکم سرمایہ کاری کرنے میں البرٹا، کینیڈا کی قیادت جاری رکھے ہوئے ہے۔ تاہم، آبادی میں اضافے اور عالمی منڈی میں غیریقینی کی صورت حال کی وجہ سے خاندان زندگی بسر کرنے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور گروسری و توانائی کی قیمتوں کی زیادتی کے دباؤ کو مسلسل محسوس کر رہے ہیں۔

ملازمتوں کے تحفظ، کمیونٹیز کی مدد اور طویل المدت معاشی ترقی کی بنیادوں کو مضبوط بنانے کیلئے البرٹا کی حکومت ایک نظم و ضبط والے طریقے سے کام کر رہی ہے۔ بجٹ 2026ء سرمایہ کاری کیلئے حالات سازگار کرنے، زیادہ ہُنرمند ورکروں کی تربیت، میونسپلٹیوں کی مدد اور البرٹا کے توانائی کے شعبے کی ذمہ دارانہ نشوونما کو آگے بڑھانے پر توجہ دیتا ہے۔

"بجٹ 2026ء البرٹا میں رہنے والوں کو اچھی ملازمتوں کی تلاش میں مدد دینے اور اس بات کو یقینی بنانے پر توجہ دیتا ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارے بچوں کو اور زیادہ مواقع میسّر آئیں۔ یہاں سرمایہ کاری کرنے والے کاروباروں کی مدد کرکے، اپنی میونسپلٹیوں کو مضبوط بنا کر اور نظم و ضبط والے مالیاتی انتخابات کرکے، ہم طویل المدتی استحکام اور کامیابی کیلئے حالات سازگار بنا رہے ہیں۔"

*نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر خزانہ*

**بجٹ 2026ء کی جھلکیاں:**

**ایک مضبوط افرادی قوت کیلئے مدد کرنا**

بجٹ 2026ء البرٹا کو درکار ہُنر مند افرادی قوت کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اسے ترقی دینے میں مدد کر رہا ہے:

- ہُنرمندیوں اور ٹریننگ کے پروگراموں کے اقدامات کرنے کیلئے 2026ء-27ء میں 115 ملین ڈالر تاکہ بڑھتی ہوئی معیشت کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے ہُنرمند ورکروں کو راغب اور تیار کیا جاسکے۔
- 2026ء-27ء میں کیرئیر اور ایمپلائمینٹ سروسز کیلئے 246 ملین ڈالر، اس میں کیرئیر اور ایمپلائمینٹ سروسز میں 80 ملین ڈالر کا اضافہ کرنا بھی شامل ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فائدے مند ملازمت تلاش کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں مدد مل سکے۔
- انوویشن ایمپلائمینٹ گرانٹ پروگرام کیلئے تین سال میں 125 ملین ڈالر، یا 385 ملین ڈالر، تاکہ نئی کمپنیاں بنانے اور نئی ملازمتیں پیدا کرنے میں کاروباری افراد (tech entrepreneurs) کی مدد کی جا سکے۔
- ایک نئی ڈے این اے لیبارٹری قائم کرنے کیلئے تین سال میں 8 ملین ڈالر جو تفتیشوں اور استغاثہ کے دلائل کو تیز کرے گا اور آرسی ایم پی کی قومی لیبارٹری پر انحصار کرنے کو کم کرے گا۔

Classification: Protected A

- بچوں کے قابل برداشت مصارف والے علاج میں تسلسل کیلئے 2026ء-27ء میں 2.1 بلین ڈالر تاکہ مزید والدین ٹریننگ، تعلیم اورکام کے مواقع حاصل کر سکیں۔

"اپنے مستقبل میں سرمایہ کاری کرکے اور معیشت کو بڑھا کر، البرٹا کی حکومت البرٹا کو رہائش رکھنے، کام کرنے اور خاندان کی پرورش کرنے کیلئے بہترین جگہ بنا رہی ہے۔ ہم کاروباروں کو بڑھنے پھولنے اور برآمدات کو بڑھانے میں مدد کر رہے ہیں، ہُنر مند ورکروں کو راغب کر رہے ہیں، امیگریشن کیلئے زیادہ پائیدار، البرٹا پرمرکوز طریقہ کار کو آگے بڑھا رہے ہیں، محفوظ، منصفانہ اور صحتمند کام کی جگہوں کیلئے مدد کر رہے ہیں اور صوبے بھر میں مضبوط، خیر مقدمی کمیونٹیاں تشکیل دے رہے ہیں۔"

*جوزف شاؤ (Joseph Schow)، ملازمتوں، معیشت، تجارت اور امیگریشن کے وزیر*

**پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور ہُنروں کی ٹریننگ**

بجٹ 2026ء انتہائی ہُنر مند افرادی قوت کو بڑھانے پر توجہ دے رہا ہے:

- 2026ء-27ء میں پوسٹ سیکنڈری اقدامات کیلئے 2.7 بلین ڈالر، جو 2025ء - 26ء سے 148 ملین ڈالر کا اضافہ ہے، اس طرح البرٹا کا پوسٹ سیکنڈری نظام اپنی تبدیلی کو اور جدیدیت کو جاری رکھ سکتا ہے جبکہ ان لوگوں کیلئے قابل رسائی اور قابل برداشت مصارف والا رہ سکتا ہے جو اسے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔
- موجودہ ابدافی داخلوں کی توسیع کیلئے تین سال میں 353 ملین ڈالر کی سپورٹ کا تسلسل، تین سال کے دوران اضافی 148 ملین ڈالر کے ساتھ صلاحیت کو بڑھانے اور ایسے پروگراموں میں قابلیت رکھنے والوں کو راغب کرنے خاطر نئی نشستیں تخلیق کرنے کیلئے جو انجینئرنگ، صحت کی نگہداشت اور تعلیم کے ساتھ ساتھ زیادہ مانگ والی صنعتوں کی تائید کرتی ہیں۔
- یونیورسٹی آف کیلگری ویٹرنری میڈیسن پروگرام میں داخلے کو دوگنا کرنے کیلئے تین سالوں میں 83 ملین ڈالر۔
- البرٹا ایکسیس میں طلباء کی بعد از پوسٹ سیکنڈری ایجوکیشن تک رسائی میں قرضوں، گرانٹس، اسکالر شپس اور ایوارڈز میں مدد کیلئے 2026ء-27ء میں 1.3 بلین ڈالر۔ جس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - اسسٹینس گرانٹس کے ذریعے بنیادی سیکھنے میں مدد کیلئے 100 ملین ڈالر۔
  - اپرنٹس شپ سیٹوں کی بڑھتی ہوئی مانگ کو سپورٹ کرنے کیلئے اپرنٹس شپ لرننگ گرانٹ کے ذریعے 96 ملین ڈالر۔ ہُنرمند تجارت میں رجسٹرڈ اپرنٹس 78,000 سے زائد کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکے ہیں۔
  - طلباء کی امدادی گرانٹس میں 75 ملین ڈالر اور اسکالرشپس اور ایوارڈز میں اضافی 36 ملین ڈالر۔
  - کم شرح سود پر جاری کردہ طلباء کے قرضوں میں 887 ملین ڈالر، اور پوسٹ سیکنڈری کے بعد کی استطاعت میں مدد کیلئے واپسی کی سازگار شرائط و ضوابط۔
- پوسٹ سیکنڈری کے بعد کی اہم سہولیات کیلئے تین سال کے دوران 1.8 بلین ڈالر، بشمول کیپٹل پراجیکٹس، کیپٹل مینٹیننس اور تجدید کی فنڈنگ، اور پوسٹ سیکنڈری انسٹیٹیوشن سیلف فنانسڈ کنٹربیوشنز، جو طلباء کی صلاحیت کو بڑھاتے ہیں اور ایک ہنر مند افرادی قوت کو تیار کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - این اے آئی ٹی (NAIT) ایڈوانسڈ سکلز سینٹر کیلئے تین سال میں 5,500 سیکھنے کی جگہیں شامل کرکے البرٹا کی ہُنر مند تجارت اور ٹیکنالوجی کے پیشہ ور افراد کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کیلئے 384 ملین ڈالر۔
  - لَیک لینڈ کالج بیف یارڈ اپ گریڈ اور ہارس پین ری لوکیشن کیلئے 7 ملین ڈالر کی نئی فنڈنگ۔
  - بوویلی کالج میں ہیلتھ پروگرامنگ کی توسیع کی منصوبہ بندی کیلئے 5 ملین ڈالر۔
  - میڈیسن ہَیٹ کالج میں سینٹر فار کمیونٹی ویلنیس کی منصوبہ بندی کیلئے 2 ملین ڈالر۔
  - مزید طلباء کو سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کی سہولیات اور ٹریننگ تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت دینے کیلئے کیلگری یونیورسٹی میں ملٹی ڈسپلنری ہب کی ترقی میں متواتر سرمایہ کاری کے طور پر تین سال میں 160 ملین ڈالر۔

- میکیوان (MacEwan) یونیورسٹی کیلئے ایک نئی عمارت کی تکمیل کیلئے دو سال میں 90 ملین ڈالر – 30,000 تک طلباء کو ایڈجسٹ کرنے کیلئے۔
- البرٹا یونیورسٹی میں بائیولوجیکل سائنسز سینٹر کی تعمیر نو کیلئے دو سال میں 70 ملین ڈالر تاکہ زیادہ مانگ والے پروگراموں میں تقریباً 3,200 جگہیں فراہم کی جائیں۔
- جنوب مشرقی البرٹا میں صحت کی نگہداشت کرنے والے پیشہ ور افراد کی ٹریننگ میں مدد کیلئے یونیورسٹی آف لیتھ برج رورل میڈیکل ٹیچنگ اسکول کی ڈیویلپمینٹ کیلئے دو سال میں 35 ملین ڈالر۔
- کیپیٹل مینٹیننس اینڈ رنیوول فنڈنگ میں تین سال میں 483 ملین ڈالر۔

"ایک مضبوط معیشت ایک مضبوط پوسٹ سیکنڈری سسٹم سے شروع ہوتی ہے۔ بجٹ 2026ء البرٹا پروگراموں، ٹریننگ کی جگہوں اور کیمپس کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرتا ہے جن کی البرٹا کے طلباء کو آج اور کل کی ملازمتوں کیلئے تیار کرنے کی خاطر ضرورت ہے۔ ہم زیادہ مانگ والے شعبوں میں گنجائش کا اضافہ کر رہے ہیں، اپرنٹس شپ کو سپورٹ کر رہے ہیں اور تعلیم کو قابل رسائی اور قابل استطاعت رکھ رہے ہیں – کیونکہ جب البرٹا میں رہنے والے کامیاب ہوتے ہیں تو ہمارا صوبہ کامیاب ہوتا ہے۔"

*مائلز میک ڈُگل (Myles McDougall)، اعلٰی تعلیم کے وزیر*

**کمیونٹیوں کو سپورٹ کرنا**

بجٹ 2026ء مقامی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو سپورٹ کرنے کیلئے 7.1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر کے مزید مضبوط، مزید لچکدار کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کرتا ہے جس میں سڑکیں، پانی کا نظام، پُل اور لازمی کمیونٹی سہولیات شامل ہیں:

- لوکل گورنمنٹ کے مالیاتی فریم ورک کو برقرار رکھنے کیلئے تین سال میں 2.6 بلین ڈالر میونسپلٹیوں کو متوقع، مستحکم فنڈنگ فراہم کرنا، بشمول ایڈمنٹن کیلئے 563 ملین ڈالر اور کیلگری کیلئے 808 ملین ڈالر۔
- ایم۔ڈی۔ آف لیسر سلیو ریور (M.D. of Lesser Slave River) میں موجودہ اسمتھ برج کو تبدیل کرنے کیلئے 66 ملین ڈالر۔ یہ منصوبہ مقامی صنعتوں اور سلیو لَیک کے علاقے کے رہائشیوں تک رسائی میں بہتری لائے گا۔
- بیو مونٹ کے انوویشن پارک کی ڈیویلپمینٹ کیلئے سائٹ سروسنگ کی خاطر 39 ملین ڈالر۔
- کمیونٹیز کی طویل مدتی لچک کو بہتر بنانے میں مدد کیلئے خشک سالی اور سیلاب میں کمی کے منصوبوں میں 103 ملین ڈالر۔
- جنگل کی آگ پر قابو پانے اور ردعمل کیلئے صوبے کے عزم کو برقرار رکھنے کیلئے جنگل کی آگ پر سرمایہ کاری کی خاطر 38 ملین ڈالر۔
- اس میں پانچ ایئر ٹینکرز کیلئے سرمایہ کاری شامل نہیں ہے، کیونکہ ان طیاروں کی ڈیلیوری 2031ء میں شروع ہونے کی امید ہے؛ اسلئے، فنڈنگ کو مستقبل کے کیپیٹل منصوبوں میں شامل کیا جائے گا۔
- عوام کے تحفظ اور ایمرجینسی بنیادی ڈھانچے کیلئے 19 ملین ڈالر، بشمول البرٹا فرسٹ ریسپانڈرز ریڈیو کمیونیکیشنز سسٹم اور ماحولیاتی نگرانی۔
- کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے میں مدد کیلئے الیکٹرانک مانیٹرنگ پروگرام کو وسعت دینے کی خاطر تین سالوں میں 21.2 ملین ڈالر۔

"یہ بجٹ مشکل لیکن ذمہ دارانہ انتخابات کی عکاسی کرتا ہے جن کی حقیقی چیلنج کے اوقات میں ضرورت ہوتی ہے۔ لازمی فنڈنگ کو برقرار رکھنے اور اپنے وعدوں کے مطابق فراہمی سے، ہم مستقبل کی تعمیر کے دوران آج بھی کمیونٹیز کی مدد جاری رکھے ہوئے ہیں۔"

*ڈین ولیئمز (Dan Williams)، میونسپل امور کے وزیر*

**توانائی، پائپ لائنز اور وسائل کی ڈیویلپمینٹ**

بجٹ 2026ء البرٹا کو ایک ذمہ دار، قابل اعتماد توانائی کی پیداوار کے عالمی رہنما کے طور پر برقرار رکھنے میں مندرجہ ذیل سے مدد دیتا ہے:

- 2025ء - 26ء اور 2026ء-27ء کے دوران مغربی ساحل تک تیل کی پائپ لائن کو آگے بڑھانے کیلئے ابتدائی منصوبہ بندی کے کام کیلئے 15 ملین ڈالر۔ اس میں لاگت کا تخمینہ اور مشغولیت شامل ہے تاکہ وفاقی غوروخوض کیلئے قابل اعتبار تجویز سے مطلع کیا جا سکے۔
- بِچومن رائلٹی ان کائنڈ پروگرام کا نفاذ کرنے کیلئے سسٹم کی بہتری کیلئے فنڈنگ۔
  - اس پروگرام کیلئے سسٹم کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے جس سے صوبے کو تیل کی اونچی عالمی قیمت حاصل کرنے اور نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔
- جوہری توانائی کے بارے میں البرٹا کے لوگوں کے ساتھ مشغولیت جاری رکھنے اور صوبائی روڈ میپ اور ریگولیٹری فریم ورک تیار کرنے کیلئے 530,000 ڈالر۔
- البرٹا کی حکومت قابل تجدید توانائی کے پروگرام سے ہونے والے نقصانات کے ایک تھوڑے سے حصے کو پورا کرنے کیلئے قابل تجدید توانائی کے کریڈٹس کی فروخت شروع کرے گی، جسے ایک پچھلی حکومت نے متعارف کروایا تھا۔

"ہماری معیشت ہمارے ذمہ داری سے تیارکردہ تیل اور گیس سے چلتی ہے، اور عالمی طلب کبھی بھی زیادہ یا زیادہ اہم نہیں رہی۔ بجٹ 2026ء میں توانائی کے شعبے میں ہم جو سرمایہ کاریاں کر رہے ہیں یہ اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ ہم ہسپتال، اسکول اور سڑکیں تعمیر کر سکیں گے اور اس صوبے کو آنے والی نسلوں کیلئے طاقت بخشیں گے۔"

*برائن جین (Brian Jean)، توانائی اور معدنیات کے وزیر*

**تجارت اور تنوع کی تائید کرنا**

بجٹ 2026ء البرٹا کی معیشت کو متنوع بنانے اور کاروبار کیلئے مواقع کو بڑھانے کیلئے مندرجہ ذیل کو جاری رکھے ہوئے ہے:

- کوآپریٹو سیڈ پروسیسرز پروگرام کیلئے تین سالوں میں 9 ملین ڈالر تاکہ سِیڈ پراسیسنگ کی سہولیات میں عمر رسیدہ انفراسٹرکچر، آلات اور ٹیکنالوجی کو اپ گریڈ کیا جا سکے۔
- تین سالوں میں 4.6 بلین ڈالر جو سڑکوں اور پلوں کے صوبائی ملکیتی نیٹ ورک کو تیار کرنے اور انہیں برقرار رکھنے کیلئے ہوگا جو البرٹا بھر میں میونسپلٹیز اور کمیونٹیز کو جوڑتا ہے، صنعتی، تجارتی اور مسافروں کی ٹریفک کے محفوظ اور مؤثر بہاؤ کی تائید کرتا ہے۔
- معاشی ترقی اور تجارت کیلئے 2026ء میں 129 ملین ڈالر، سرمایہ کاری کی کشش میں سپورٹ اور اندرونی اور بین الاقوامی تجارت میں اضافہ۔

**کاروبار اور صنعت میں سرمایہ کاری کرنا**

بجٹ 2026ء کاروباری ترقی، سرمایہ کاری کی کشش اور طویل مدتی مسابقت کو مندرجہ ذیل کے ذریعے سپورٹ کرتا ہے:

- مقامی مصالحتی منصوبے اور مقامی بزنس انویسٹمینٹ فنڈ کے ذریعے مقامی قیادت کے تحت منصوبوں کی مدد کیلئے تین سالوں میں 25 ملین ڈالر۔
- مقامی ترقی اور روزگار پیدا کرنے کو آگے بڑھانے کیلئے چھوٹے کاروباروں کی سپورٹ اور علاقائی معاشی ترقی کیلئے 20 ملین ڈالر۔
- انوویشن اینڈ ایمپلائمینٹ گرانٹ پروگرام کیلئے تین سالوں کے دوران 385 ملین ڈالر جو چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو صوبے میں تحقیق اور ترقی کیلئے اہل سرمایہ کاریوں کیلئے قابل واپسی ٹیکس کریڈٹ فراہم کرتا ہے۔
- پیسنجر ریل نیٹ ورک تیار کرنے کیلئے پیسنجر ریل ماسٹر پلان کی مدد کیلئے تین سالوں میں 15 ملین ڈالر۔
- ٹریول البرٹا میں 76 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری جو ملازمتیں پیدا کرے گی اور خاندانی ملکیت والے کاروباروں اور مقامی لوگوں کے ٹورازم آپریٹرز کی مدد کرے گی، جس سے مقامی معیشتوں کو فروغ ملے گا۔
- کوکنگ لَیک ہوائی اڈے کے رن وے اور ایپرن کے علاقوں کی ایک بڑی بحالی کیلئے 4 ملین ڈالر۔

Alberta

## نیوز ریلیز

- بیومونٹ میں انوویشن پارک کی ترقی گنجائش پیدا کرنے خاطر سائٹ سروسنگ کیلئے تین سالوں میں 39 ملین ڈالر۔
- البرٹا پیٹروکیمیکل انسینٹیو پروگرام (اے پی آئی پی) کیلئے تین سالوں میں 87 ملین ڈالر جو سرمایہ کاری کو راغب کرتا ہے اور عالمی پیٹروکیمیکل پروڈیوسر کے طور پر البرٹا کی پوزیشن کی تائید کرتا ہے۔
  - آج تک، البرٹا کی حکومت نے پیٹروکیمیکل، ہائیڈروجن اور مصنوعی ایندھن میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری میں 9.1 بلین ڈالر کی نمائندگی کرنے والے پانچ بڑے منصوبوں کیلئے 647 ملین ڈالر سرمایہ کاری کا عزم کیا ہے۔
- پریمیئرز انویسٹمینٹ کونسل سیکرٹریٹ کی تشکیل کیلئے 2026ء-27ء میں 225,000 ڈالر، جو سرکاری محکموں اور کلیدی پارٹنر ایجینسیوں میں سرمایہ کاری کی کشش کیلئے مزید مستحکم اور اسٹریٹیجک طریقہ کار کو قابل عمل بنائے گا، اور بڑی سرمایہ کاری فائلوں کو بہتر طریقے سے ٹریک کرے گا۔

*بجٹ 2026ء اس بات پر توجہ دیتا ہے کہ طلباء اور کلاس رومز، صحت کی نگہداشت اور معیشت میں ہدفی سرمایہ کاریوں میں کیا اہم ہے، جب کہ مضبوط مالی لیڈرشپ اور اخراجات میں کنٹرول کو ظاہر کرتا ہے۔*

**متعلقہ معلومات**

- بجٹ 2026ء

**میڈیا انکوائریز**


میریسا بریز (Marisa Breeze)

Marisa.Breeze@gov.ab.ca

780-235-4427

سینئر پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اور فنانس

جاش آلڈرچ (Josh Aldrich)

Josh.Aldrich@gov.ab.ca

780-427-3740

سینئر پریس سیکریٹری، توانائی اور معدنیات

ہنٹر بیرِل (Hunter Baril)

Hunter.Baril@gov.ab.ca

780-644-8554

پریس سیکریٹری، ملازمتیں، معیشت، تجارت اور امیگریشن

جیک الیری (Jack Alarie)

Jack.Alarie@gov.ab.ca

780-427-3744

پریس سیکریٹری، میونسپل امور

نِیل سنگھ (Neil Singh)

Neil.Singh@gov.ab.ca

780-644-7353

پریس سیکریٹری، اعلیٰ تعلیم